نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے چائنا کی بی جی آئی گروپ (کمپنی) کے وفد کی ڈاکٹر وانگ جائن (Dr. Wang Jian) کی سربراہی میں ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں ملاقات

ملاقات میں آرگینک فرٹیلائزر، کپاس کے بیج، سویابین، چاول اور مکئی کے پرمئیم بیجوں کے اُمور پر تبادلہ خیال

لاہور: 27 جنوری2025: وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے چائنا (بیجنگ) کی کمپنی بی جی آئی گروپ کے وفد کی چئیر مین ڈاکٹر وانگ جائن(Wang Jian) کی سربراہی میں زراعت ہاؤس لاہور میں ملاقات ہوئی۔اس ملاقات کے دوران سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران آرگینک فرٹیلائزر، کپاس کے بیج، چاول اور مکئی کے پرمئیم بیج کے حوالے سے ملاقات ہوئی۔

اس موقع وزیر زراعت ولائیواسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ پنجاب زرعی ٹیکنالوجی کے فروغ کیلئے چائنا کی جدید زرعی ریسرچ اور ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کرنے کا خواہاں ہے۔انھوں نے کہا کہ صوبہ میں کپاس کے فروغ کیلئے جی ایم او ٹیکنالوجی اور جین ایڈیٹنگ میں چائنا کے تجربات سے مستفید ہونا چاہتے ہیں۔صوبہ میں کپاس کی ترویج کیلئے کیڑوں، بیماریوں اور موسمی تبدیلیوں کو برداشت کرنے والی جدید نئی اقسام کے حامل ہائبرڈ بیج کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔حکومت پنجاب زرعی لینڈ پر آرگینک کھادوں کے فروغ اور باہمی تجربات کی شیئرنگ کیلئے مکمل تعاون فراہم کرے گی۔صوبہ میں سویابین، مکئی اور چاول کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار اور بہتر کوالٹی کے حصول کیلئے پرمئیم بیج کی بی جی آئی کمپنی سے دستیابی درکار ہے۔وزیر زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ دونوں ممالک کے درمیانی قریبی دوستانہ تعلقات ہیں۔ جدید زرعی ریسرچ اور لیبارٹریوں کے قیام کیلئے مل کام کرنا ازحد ضروری ہے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ جدید زرعی ریسرچ کو فروغ دینے کیلئے دونوں ممالک کے زرعی سائنسدانوں اور ماہرین کے دورے کرائے جائیں گے جہاں وہ ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھائیں گے۔

اس موقع پر چیئرمین بی جی آئی ڈاکٹر وانگ جائن نے کہا کہ بی جی آئی گروپ فصلوں کو خشک سالی سے بچانے کیلئے پرعزم ہے اور جینومکس ٹیکنالوجی کے ذریعے صحرا کے ماحول کے مطابق نئی اقسام تیار کر رہا ہے۔اُن کی کمپنی صوبہ پنجاب میں زرعی شعبہ کی ترقی کیلئے اپنا تعاون فراہم کرے گی۔صوبہ پنجاب میں پائلٹ پراجیکٹ لانچ کر کے آرگینک کھادوں کے استعمال سے کم پیداواری لاگت کے ذریعے زرعی پیداوار میں اضافہ کیا جائے گا۔اس کے علاوہ باہمی تعاون سے پنجاب کے سائنسدانوں کو جدید زرعی ٹیکنالوجی بارے تربیت فراہم کی جائے گی اور لیبارٹریوں کو آپریشنل کیا جائے گا۔

ژیانگ(Mr. Terence Xiong)، چیف نمائندہ فار ساؤتھ ایسٹ ایشیاء مسٹر جیری کاؤ(Mr. Jeremy Cao)،اسسٹنٹ ٹو چیئرمین بی جی آئی گروپ مسز ڈونگ یاؤی(Mrs. Dong Yiwei) اور چیف نمائندہ فار پاکستان مسٹر ماؤ ژی یائے(Mr. Mao Zhixia) شامل تھے۔جبکہ محکمہ زراعت پنجاب سے کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر انجم علی، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں موجود تھے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر پارب ڈاکٹر عابد محمود اور چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد ڈاکٹر ساجد الرحمان نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی

☆☆☆☆